چیچنیا میں اسلام اور مسلمان' ڈاکٹر سید محمد یونس' ترجمہ: ڈاکٹر محمد سمیع اختر۔ ناشر: ایچ وائی پرنٹرز' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۳۰۔ قیمت: ۷۵ روپے۔

گذشتہ ربع صدی میں اسلامی تحریکیں نئے عزم و حوصلے سے آگے بڑھی ہیں مگر اس کے ساتھ ہی اسلام دشمن طاقتوں نے دنیا بھر میں مسلمانوں پر ظلم و استبداد کا سلسلہ بھی تیز تر کر دیا ہے خصوصاً گذشتہ ایک عشرے میں روس کی ٹوٹ پھوٹ سے امت مسلمہ کے مصائب میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ بوسنیا' فلسطین' کشمیر' برما' کوسووا' اور اب چیچنیا میں مسلمانوں کو قیامت کا سامنا ہے۔ زیر نظر کتاب' چیچنیا کے اہم مسئلے پر ایک اچھی دستاویز ہے۔

یہ مختصر کتاب ڈاکٹر سید محمد یونس کی عربی تحریر کا ترجمہ ہے۔ مصنف نے نہایت اختصار اور جامعیت سے چیچنیا کے محل وقوع سے لے کر موجودہ حالات تک کا جائزہ پیش کیا ہے بلکہ اس سلسلے میں متعلقہ مواد یکجا کر دیا ہے۔

چیچنیا کی جغرافیائی اور اقتصادی اہمیت' خلفاے راشدین کے عہد میں اس خطے کے عوام کا قبول اسلام' ان کی حمیت و غیرت' جذبہ جہاد اور حریت پسندی کی مختصر تاریخ' اسلام کے تہذیبی اثرات' روس کی مختصر تاریخ' بالشویک اور کیمونسٹ حکومت کے مظالم' آزادی کے صرف تین سال' چیچنیا پر چار لاکھ روسی فوج کا حملہ اور مسلمانوں کی نسل کشی' اسلامی ممالک اور مغربی طاقتوں کے رویے--- غرض کوزے میں دریا بند کیا گیا ہے۔ مصنف نے نہ صرف حالات و واقعات بیان کیے بلکہ اپنوں اور غیروں کے رویے کا ذکر کرتے ہوئے امت مسلمہ کو ان کی ذمہ داریاں یاد دلانے کی کوشش بھی کی ہے (عبداللہ شاہ ہاشمی)۔

ماہنامہ آئین' لاہور (بیجنگ پلس فائیو کانفرنس پر اشاعت خصوصی' چار شمارے)۔ مدیر: مرزا محمد الیاس۔ ۱-۱اے/۹' رائل پارک' لاہور۔ زر سالانہ: ۲۰۰ روپے۔ قیمت فی شمارہ: ۲۰ روپے۔

جناب مظفر بیگ کے انتقال کے بعد ماہنامہ آئین بند ہو جانے کا خدشہ تھا لیکن اس نے جناب مرزا الیاس کی ادارت میں ایک نئے انداز اور شان سے شروع ہو کر' اگر یہ کہا جائے' کہ اپنا سکہ جمالیا ہے تو غلط نہ ہوگا۔ اس لحاظ سے یہ ایک نئے رجحان کا نمایندہ بن کر سامنے آیا ہے کہ اس نے تنوع اور رنگا رنگی کے چٹ پٹے پن کر چھوڑ کر اپنے لیے ایک موضوع کو خاص کرلیا اور اس پر اتنی وقیع اور تازہ ترین معلومات دی ہیں کہ آئین کے ان شماروں کو بلا تامل ایک تحقیقی کاوش قرار دیا جا سکتا ہے' جس میں کسی تحقیق کار کے لیے بیش بہا بنیادی لوازمہ موجود ہے۔ موضوع اس دور کا' اور ہو سکتا ہے کہ ہر دور کا' اہم ترین موضوع یعنی خواتین ہے۔

تہذیب جدید نے عورت کو جس مقام پر پہنچا دیا ہے اور رسل و رسائل کی جدید سہولتوں نے اس مقام